# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ نے طفل نگہ داشت اور کونسلنگ سے متعلق آر سی آئی سے تسلیم شدہ ایڈوانسڈ ڈپلوما لانچ کیا

New Delhi, November 14, 2025

بدلتے وقت اور تربیت یافتہ کونسلرس اور رہنمائی فراہم کرنے والے ماہرین کی بڑھتی ضرورتوں کے پیش نظر شعبہ نفسیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آر سی آئی سے تسلیم شدہ دو سمسٹر کا ایڈوانسڈ ڈپلوما ان چائلڈ کیئر اینڈ کونسلنگ پروگرام نئے طلبہ کے اورٹیشن پروگرام کے ساتھ شروع کیا۔

اس پہل کو پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کا بھرپور تعاون اور رہنمائی حاصل ہے جن کا وژن اور جن کی حوصلہ افزائی نے اس پروگرام کو حقیقت کا جامہ پہنایا ہے۔ پروگرام کی کارروائی کے دوران پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ کی رہنمائی نے بھی اسے ثمرآور ہونے میں اہم رول ادا کیا ہے۔

اورنٹیشن پروگرام کا افتتاح کرتے ہوئے پروفیسر رضوی نے تسلیم شدگی کے دشوار مرحلے کو انجام دینے اور اوریئنٹیشن پروگرام کے انعقاد پر شعبے کی سخت محنت اور اس کے عہد کی تعریف کی۔ انہوں نے ذہنی صحت کے ایک اہم رکن یقین پر زور دیا اور کہا کہ اعلیٰ قوتوں پر یقین رکھنا تذبذب اور دباؤ کی تخفیف میں معاون ہوسکتا ہے۔ انہوں نے صدر شعبہ پروفیسر ثمینہ بانو اور ڈپلوما کو آرڈی نیٹر پروفیسر شیما علیم کو ان کی مخلصانہ کاوشوں کے لیے مبارک باد دی اور انتظامیہ کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

پروفیسر محمد مسلم خان، ڈین، فیکلٹی آف سوشل سائنسس نے جامعہ کی متمول تاریخ کا آسان اور والہانہ تعارف کرایا اور کورس کی کامیابی کے لیے شعبے کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

پروفیسر ثمینہ بانو، صدر شعبہ نے نئے طلبہ کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ انہوں نے ڈپلوما کی کوآرڈینیٹر پروفیسر شیما علیم کے ساتھ شیخ الجامعہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مستقل تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کورس کی تسلیم شدگی کے مرحلے میں کورس کوآرڈینیٹر پروفیسر بھارتی شرما، ڈاکٹر فیض اللہ خان، اور جناب پرتیک کمار، پروگرام آفیسر، آر سی آئی سے حاصل تعاون اور ان کی خدمات کا بھی شکریہ ادا کیا۔

پروفیسر بانو نے امید ظاہر کی کہ طلبہ اس کورس میں شامل طلبہ یونیورسٹی اور نئے پروگرام کے بہترین سفیر بنیں گے۔ پروفیسر علیم نے بتایا کہ ہندوستان کی مرکزی یونیورسٹیوں میں اپنی نوعیت کا ایک کورس ہے جسے صرف پیشہ ور ماہرین تیار کرنے کے لیے نہیں بنایا گیا ہے بلکہ اس میدان میں پیشہ ورانہ معیارات کو برقرار رکھنے میں معاونت بھی اس کے دائرہ کار میں شامل ہے۔

اوریئنٹیشن پروگرام میں ڈاکٹر وندنا تھاپر، سابق جوائنٹ ڈائریکٹر، این آئی پی سی سی ڈی، پروفیسر ریکھا شرما سین، اگنو، پروفیسر زبیر مینائی، جامعہ ملیہ اسلامیہ، ڈاکٹر جاگرتی سنگھ، اے آئی آئی ایم ایس، ڈاکٹر راہل چنڈوک، ماہر نفسیات، آرٹیمس اسپتال، اور پروفیسر بلال

احمد، سوسائٹی فار پروموشن آف یوتھ اینڈ ماسیس (ایس پی وائی ایم) دہلی سمیت ممتاز خصوصی ماہرین شامل تھے۔ انہوں نے پروگرام میں مختلف اہم موضوعات جیسے چائلڈ ڈولپمنٹ، چائلڈ پروٹیکشن، نیڈس آف دی اسپیشل چلڈرن، مینٹل ہیلتھ اینڈ ڈس آرڈر امنگ چلڈرین اینڈ سب اسٹینس ابیوز امنگ چلڈرین پر مختلف اجلاس میں پر مغز تقریریں کیں۔ نئے طلبہ نے پروگرام کے اجلاس میں دلچسپی اور جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا اور کورس کا حصہ ہونے پر فخر کا اظہار کیا اور یونیورسٹی اور پیشے دونوں کی افضلیت اور اخلاقیات کے اعلی معیارات کو برقرار رکھنے کا بھی عہد کیا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

**افسر اعلی، تعلقات عامہ**

**جامعہ ملیہ اسلامیہ**